(ل) وقت: 2:10 گھنٹے — پہلا گروپ — (1st A 124) سیکنڈری سکول پارٹ-I، کلاس نہم — پرچہ I

انشائی — مارکس: 60

## حصہ اول

2 - درج ذیل نظم وغزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ حصہ نظم سے کوئی تین اور حصہ غزل سے کوئی دو اشعار کی تشریح کیجیے: (6+4 = 10)

### (حصہ نظم)

(3x2=6)

i - سب مست ہو رہے ہیں پہچان تیری ' قدرت ...... تیتر پکارتے ہیں سُبحان تیری قدرت

ii - محرم بھی ہے ایسا ہی جیسا کہ ہے نامحرم ...... کچھ کہہ نہ سکا جس پر یاں بھید کھلا تیرا

iii - ڈالی گئی جو فصلِ خزاں میں شجر سے ٹوٹ ...... ممکن نہیں ہری ہو۔ سحاب بہار سے

iv - سُنی ہم نے طوطی و بُلبُل کی باتیں ...... ترا تذکرہ ہے، تری گفتگو ہے

### (حصہ غزل)

(2x2=4)

i - مزا غم کے کھانے کا جس کو پڑا ...... وہ اشکوں سے ہاتھ اپنا دھویا کیا

ii - دلِ ناداں تجھے ہُوا کیا ہے ...... آخر اِس درد کی دوا کیا ہے

iii - لگتا نہیں ہے دِل مرا اُجڑے دیار میں ...... کِس کی بنی ہے عالمِ ناپائیدار میں

## حصہ دوم

3 - درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے ، سبق کا عنوان ، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے:- (5+5 = 10)

(الف) ایک ایسے شخص کی حالت کو خیال کرو، جس کی آمدنی، اُس کے اخراجات کو مناسب ہو اور اُس کے حاصل کرنے میں اُس کو چنداں محنت و مشقت کرنی نہ پڑے، جیسا کہ ہمارے ہندوستان میں ملکیوں اور لاخراج داروں کا حال تھا اور وہ اپنے دلی قویٰ کو بھی بے کار ڈال دے تو اُس کا حال کیا ہوگا۔

(ب) جب دوسروں سے مدد ملنے کی توقع منقطع ہوگئی تو میں نے دل میں سوچا کہ چلوان گارڈ صاحب سے ہی پوچھیں۔ میں کھڑا ہوگیا۔ وہ آئے میں نے دریافت کیا کہ جناب اس دوسرے سوال کا کیا جواب ہے؟ وہ مسکرائے اور کہا کہ "مجھے معلوم نہیں۔" میں نے کہا کہ یہ برابر والے بڑے زور سے لکھ رہے ہیں۔

(ورق اُلٹیے)

4 - درج ذیل سوالات میں سے کسی پانچ کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔ (10)

i - خط کو آدھی ملاقات کیوں کہا جاتا ہے؟

ii - آرام وسکون صحت کے لیے کیوں ضروری ہے؟

iii - تجمل نے اختر کے بارے میں کن خیالات کا اظہار کیا؟

iv - نگرانِ کار نے طالبِ علم کے ساتھ کس قسم کا برتاؤ کیا؟

v - مرکب تام کی دو مثالیں لکھیے۔

vi - ردیف اور قافیہ میں کیا فرق ہے؟

vii - حمد اور نعت میں کیا فرق ہے؟

viii - میر نے "نیم باز آنکھوں کی مستی" کو کیا قرار دیا؟

5 - درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے۔ (5)

(الف) مرزا غالب کے عادات و خصائل (ب) لہو اور قالین

6 - شاملِ نصاب نظم "حمد" کا مرکزی خیال **یا** خلاصہ لکھیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (5)

7 - اپنے والد کے نام خط لکھیے اور اپنے سکول میں امتحانی نتیجہ کی رُوداد بیان کیجیے۔ **یا** اپنے سکول کے ہیڈ ماسٹر / ہیڈ مسٹریس / پرنسپل کے نام فیس معافی کی درخواست تحریر کیجیے۔ (10)

8 - "جس کا کام اُسی کو ساجھے" کے عنوان پر کہانی تحریر کیجیے۔ **یا** "ہوٹل منیجر اور گاہک" کے درمیان ہونے والا مکالمہ تحریر کیجیے۔ (5)

9 - درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے۔ (5)

i - جی نے چاہا تو سیر کروں گا۔

ii - مزمل نے قرآن کو پڑھا ہوگا۔

iii - طارق نے اخبار کو خریدا ہوگا۔

iv - مسافر نے مقامی لوگوں کو جاہل سمجھے۔

v - جوانی میں ہم بھی گدھے بیچ کر سویا کرتے تھے۔

**یا**

درج ذیل ضرب الامثال کی تکمیل کیجیے۔

i - پاک رہو، ____________ ۔

ii - تخم تاثیر، ____________ ۔

iii - صورت نہ شکل، ____________ ۔

iv - ماروں گھٹنا ____________ ۔

v - یہاں کا باوا ____________ ۔